# MEA's role in enabling safe, legal, smart and stable international migration during Covid-19

September 04, 2020

---

## کووڈ 19 کے دوران محفوظ، قانونی، اسمارٹ اور مستحکم بین الاقوامی ہجرت کو لائق عمل بنانے میں وزارت خارجہ کا کردار

ستمبر 04، 2020

کووڈ -19 کی وجہ سے بین الاقوامی ہجرت کو خصوصی چیلینج کا سامنا کرنا پڑا، اور بہت سے ہندوستانی عملہ کو وطن واپس لوٹنا پڑا، حالانکہ بیرون ملک مقیم ہندوستانی کارکنوں کی اکثریت اپنے میزبان ممالک میں رک کر کام کرتی رہی ہے۔

وزارت خارجہ نے محفوظ ، قانونی، اسمارٹ اور مستحکم ہجرت کو فروغ دینے اور کووڈ 19 کے چیلنجوں کا جواب دینے کے لئے ماحول فراہم کرنے کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔

میزبان ممالک بالخصوص خلیج میں مشاورت کے دوران، ہمارے شراکت داروں نے ہندوستانی کارکنوں اور پیشہ ور افراد کی اہم شراکت کی تعریف کی ہے اور ان کی واپسی کا خیرمقدم کیا ہے۔ در حقیقت کچھ شعبوں میں صحت کی دیکھ بھال اور ڈیجیٹل کارکنوں اور پیشہ ور افراد کی نقل مکانی کی بحالی کے ساتھ پہلے ہی ایک مثبت رجحان دکھایا گیا ہے۔ غیر ملکی ہجرت کے پلیٹ فارم کو ای-ہجرت کے ساتھ ضم کرنے کی ہماری مشترکہ کوششوں نے ہندوستانی تارکین وطن کارکنوں کے امکانات کو بھی بہتر بنایا ہے۔ ہندوستانی کارکنوں اور پیشہ ور افراد کے لئے نئے شعبے اور نئی منزلیں ابھر کر سامنے آ رہی ہیں۔

ہجرت کے عمل میں رجسٹرڈ بھرتی ایجنسیوں کے اہم کردار کو تسلیم کرتے ہوئے، وزارت خارجہ نے متعدد کووڈ 19 سے متعلق رعایتیں فراہم کی ہیں، جن میں بینک گارنٹیوں میں 50٪ کی کمی، 31 مارچ 2021 تک لائسنسوں میں مفت توسیع اور آفس اسپیس کے اصولوں پر نرمی شامل ہے، جس کے ذریعہ کووڈ - 19 کے دوران بھی، بھرتی ایجنسیوں کو درپیش مشکل معاشی حالات میں تخفیف اور بین الاقوامی ہجرت کی بحالی میں مدد کے لئے ان کے کاموں کو آسان بنایا جا سکے۔ یہ اقدامات

روایتی اور نئے شعبوں اور مقامات پر تارکین وطن کی واپسی شروع کرنے کے لئے ایک بہتر ماحول فراہم کرے گی۔

وزارت خارجہ نے مجوزہ نئے مستقبل پر مبنی امیگریشن مینجمنٹ بل کی تیاری کے لئے اسٹیک ہولڈر سیشنز کا بھی انعقاد کیا ہے، جو جلد ہی پیش کیا جائے گا۔

وزارت خارجہ کووڈ -19 کے دوران محفوظ، قانونی، اسمارٹ اور مستحکم بین الاقوامی ہجرت کو فروغ دیتی ہے۔

**نئی دہلی**

**04 ستمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.